وجیہہ نام رکھنا کیسا ہے؟

مجیب: ابو حفص مولانا محمد عرفان عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2047

تاریخ اجراء: 18 ربیع الاول 1445ھ /05 اکتوبر 2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

"وجیہہ" نام کا کیا مطلب ہے؟ اور کیا لڑکی کا نام وجیہہ رکھ سکتے ہیں یا نہیں؟ برائے مہربانی اس سے متعلق رہنمائی فرمادیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

"وجیہہ" وجیہ کی مؤنث ہے اور لغت میں "وجیہ" کے معانی: "باوجاہت، ذی مرتبہ، بارعب اور پر شوکت" آتے ہیں۔ ان معانی کے اعتبار سے لڑکی کا نام "وجیہہ" رکھنا جائز ہے۔ مگر بہتر یہ ہے کہ صحابیات و صالحات میں سے کسی کے نام پر نام رکھا جائے کہ جس نیک شخصیت کے نام پر نام رکھیں گے ان کی برکتیں بچی کے شامل حال ہونے کی امید ہو گی کیونکہ احادیث مبارکہ میں نیکوں کے نام پر نام رکھنے کی ترغیب دلائی گئی ہے۔

حدیث پاک میں ہے: "تسموا بخیارکم واطلبوا حوائجکم عند حسان الوجوہ" یعنی: اپنے اچھوں کے نام پر نام رکھو اور اپنی حاجتیں اچھے چہرہ والوں سے طلب کرو۔ (مسند الفردوس، جلد 2، صفحہ 58، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

اچھے نام رکھنے کی حکمت سے متعلق سنن ابو داؤد میں ہے: "عن أبي الدرداء رضي اللہ عنه قال: قال رسول اللہ صلى اللہ عليه وسلم: إنكم تُدعون يوم القيامة بأسمائكم وأسماء آبائكم فحسنوا أسماءكم" ترجمہ: حضرت ابو الدرداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم قیامت کے دن اپنے ناموں اور اپنے باپوں کے ناموں سے بلائے جاؤ گے تو اپنے نام اچھے رکھو۔ (سنن ابو داؤد، جلد 4، صفحہ 287، مکتبۃ العصریہ، بیروت)

مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ "مرآۃ المناجیح" میں تحریر فرماتے ہیں: "اچھے نام کا اثر نام والے پر پڑتا ہے، اچھا نام وہ ہے جو بے معنی نہ ہو۔ **بہتر یہ ہے کہ انبیاء کرام یا حضور علیہ السلام کے صحابہ عظام، اہلبیت اطہار کے ناموں پر نام رکھے۔**(مرآۃالمناجیح، جلد5، صفحہ45، قادری پبلشرز)

"وجیہہ" وجیہ کی مونث ہے اور وجیہ، وجاہت سے ہے، اس کے حوالے سے قاموس میں ہے: "وجہ فلان (یوجہ) وجاھۃ: باوجاہت ہونا، ذی مرتبہ ہونا، بارعب اور پرشوکت ہونا۔ ھو وجیہ۔۔۔ ھی وجیھۃ" (القاموس الوحید، صفحہ1817، مطبوعہ لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net